پروفیسر خالد شبیر احمد

نعت رسولِ مقبول ﷺ

سب غوث ، سب ولی ، سبھی اقطاب آپ کے
ہیں آفتاب و کوکب و مہتاب آپ کے

سیرت کا حرف حرف ہے قندیل ِ آگہی
کندہ ہیں لوحِ وقت پہ ابواب آپ کے

سلطانِ دہر ، نازِ جہاں ، فخرِ کائنات
جھومر ہیں کائنات کا القاب آپ کے

سب سے بڑا ہے معجزہ قرآن آپ کا
کچھ کم نہیں ہے معجزہ اصحاب آپ کے

ہیں آپ ایک گلشنِ توحید کی مثال
گل ہائے رنگ رنگ ہیں احباب آپ کے

ضوریز ہیں حضور کے جوہر صدف صدف
ساحل فروز ہیں دُرِ نایاب آپ کے

روزِ ازل سے میں ہوں حضور آپ کا غلام
ہیں نقش میرے دل پہ بھی آداب آپ کے

دل میں ہیں میرے آپ کی یادیں بسی ہوئیں
آنکھوں میں بس رہے ہیں مری' خواب آپ کے

خالدؔ نصیب ہے ہمیں معراجِ بندگی
عرشِ بریں میں مسجد و محراب آپ کے